سوال

جرابوں پر مسح کرنے والی حدیث کی تحقیق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مشکوٰۃ شریف اور ترمذی شریف میں جرابیں (یعنی جرابوں کے مسح والی روایتیں ہیں) ان روایتوں کی اسناد کیسی ہیں کیا ہم جرابوں پر مسح کر سکتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسح علی الجوربین والی حدیث کو امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب جامع وسنن میں باسند روایت کرنے کے بعد فرماتے ہیں: ''ہٰذَا حَدِیثٌ حَسَنٌ صَحِیحٌ'' (مع التحفۃ 1/100) محدث دوراں شیخ البانی حفظہ اللہ تعالیٰ نے بھی اس کو صحیح کہا ہے (صحیح ترمذی) جمال الدین قاسمی اور احمد شاکر۔ رحمہما اللہ تعالیٰ۔ نے بھی اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ (المسح علی الجوربین)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

طہارت کے مسائل ج1ص85